ہند - یورپی یونین کنکٹیویٹی کانفرنس (جون 01-02، 2023)

03 جون 2023

وزارت امور خارجہ، یورپی یونین کے وفد برائے ہندوستان، اور ایشیائی سنگم نے مشترکہ طور پر میگھالیہ میں 01 - 02 جون 2023 کو ہند - یورپی یونین کنکٹیویٹی کانفرنس کا انعقاد کیا۔ کانفرنس کا مقصد ہندوستان کی شمالی ریاستوں میں نیز ہندوستان کے پڑوسی ممالک (نیپال، بھوٹان اور بنگلہ دیش) کے ساتھ، ہند-یورپی یونین کنکٹیویٹی پارٹنرشپ کے تحت عمل درآمد کے لیے، جو مئی 2021 میں ہند یورپی رہنماؤں کی میٹنگ کے دوران شروع کی گئی تھی، کنکٹیویٹی سرمایہ کاری کو دریافت کرنا اور کنکریٹ پروجیکٹوں کی نشاندہی کرنا تھا۔

کانفرنس کا افتتاح 01 جون کو میگھالیہ کے وزیر اعلیٰ شری کونراڈ کونگکل سنگما اور وزیر مملکت برائے امور خارجہ (ایم او ایس) ڈاکٹر راجکمار رنجن سنگھ نے کیا۔ اپنے خطاب میں، وزیر مملکت نے ملک کے اندر اور بیرون ملک ہندوستان کی ترقیاتی شراکت داری کے ایک حصے کے طور پر کنکٹیویٹی کے اقدامات پر حکومت حکومت کی طرف سے دی گئی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر مملکت نے جنوبی ایشیا میں ہندوستان-یورپی سہ رخی ترقیاتی تعاون اور ہند - بحرالکاہل کے لیے زبردست مواقع پر مزید روشنی ڈالی۔

3۔ میگھالیہ کے وزیر اعلیٰ نے اپنے خطاب میں پورے شمال مشرقی علاقے اور خاص طور پر میگھالیہ کے لیے بین ریاستی اور سرحد پار رابطے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس سلسلے میں، وزیر اعلیٰ نے ہندوستان کی 'ایکٹ ایسٹ' پالیسی کا حوالہ دیا، جس کے اندر میگھالیہ کے پاس 'ایکٹ ساؤتھ' پالیسی ہے جو میگھالیہ اور بنگلہ دیش کے درمیان رابطے کو بہتر بنانے کی ضرورت پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ انہوں نے رابطے کے لیے ایک 'زونل اپروچ' تجویز کیا، جس میں پڑوسی ریاستیں شامل ہوں جو اپنی اپنی ریاست کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔

4۔ کانفرنس کے دوسرے دن درج ذیل موضوعات؛ ڈیجیٹل کنکٹیویٹی، انرجی کنکٹیویٹی، ٹرانسپورٹ کنکٹیویٹی اور کنکٹیویٹی اور اس سے پرے پر تکنیکی سیشن ہوئے جس میں 'ایکٹ ایسٹ' اور 'نیبر ہڈ فرسٹ' پالیسیوں کے حصے کے طور پر شمال مشرق کو ہندوستان کے پڑوس سے جوڑنے والے پروجیکٹوں پر توجہ مرکوز کی گئی ۔ اجلاس میں حکومت ہند کے اعلیٰ حکام، یورپی یونین کمیشن، ہندوستان کی شمال مشرقی ریاستوں کی حکومتوں، شمال مشرقی کونسل، نیپال، بنگلہ دیش کے اسٹیک ہولڈروں اور خطے میں اپنی موجودگی کے ساتھ نجی شعبے کے عاملین نے شرکت کی۔

5۔'کنیکٹیویٹی اور اس سے پرے' کے پینل میں ہونے والے مباحثے میں ان منصوبوں کو درپیش رکاوٹوں اور مشکلات پر نیز ان کے اثرات کو کم کرنے کے طریقوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ 'ڈیجیٹل کنکٹیویٹی' کے پینل نے بنیادی ڈھانچے کی تعیناتی کے ذریعے خطے میں نیٹ ورک کی رسائی کو بہتر بنانے اور ساتھ ہی بامعنی کنکٹیویٹی کو یقینی بنانے کے لیے مختلف اسٹیک ہولڈروں کی صلاحیت کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی۔ خطے میں 'انرجی کنیکٹیویٹی' کو فروغ دینے کے لیے آگے بڑھنے کے راستے کے طور پر کمیونٹی کی شرکت کے ذریعے مقامی سطح پر گرڈ حل تیار کرنے پر زور دیا گیا۔ 'ٹرانسپورٹ کنیکٹیویٹی' پر غور کرنے والے ماہرین نے خطے میں سڑکوں، ریل اور آبی گزرگاہوں کے رابطوں میں بنیادی ڈھانچے کی متعدد جاری تبدیلیوں کو سراہا، لیکن ساتھ ہی یہ تجویز پیش کی کہ ابھی مزید کی ضرورت ہے۔ بات چیت میں بیرونی فنڈنگ کے ذرائع کے لیے صحیح منصوبوں کی نشاندہی پر بھی توجہ مرکوز کی گئی۔

6۔ آگے بڑھتے ہوئے، سینٹر فار یورپی پالیسی اسٹڈیز (CEPS) کی طرف سے موجودہ یورپی یونین کی رکن ریاستوں سے چلنے والے منصوبوں پر ایک مطالعہ سامنے لایا جائے گا۔ وزارت امور خارجہ، یورپی یونین وفد اور دیگر اسٹیک ہولڈروں جیسے

RIS ہند-یورپی یونین کنکٹیویٹی پارٹنرشپ کے فریم ورک کے تحت مشترکہ عمل آوری کے لیے موزوں پروجیکٹوں کی نشاندہی کریں گے۔ یاد رہے کہ 16 مئی 2023 کو برسلز میں منعقد ہونے والی پہلی ہند-یورپی یونین تجارت اور ٹیکنالوجی کونسل کی وزارتی میٹنگ میں ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون کے فوکس کے ایک اہم شعبے کے طور پر- کنیکٹیویٹی پارٹنرشپ – کو ترجیح دی گئی تھی۔

نئی دہلی

جون 03 2023